28/06/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مسرت شاہ سے خبریں سُنیے۔

ایل جی

نوجوان اذہان کو ایک نئی سمت دینے میں بنیادی NCCلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ کے رضا کار فخر کے ساتھ ملک اور قوم کی خدمت کرتے ہیں۔ NCC کردار ادا کر رہا ہے اور کے اسپیشل نیشنل انٹیگریشن کیمپ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں NCC بادامی باغ کنٹونمنٹ میں کے رضا کار بہتر مستقبل تشکیل دے NCC نے کہاکہ ٹیم ورک اور قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت سکتے ہیں۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج صبح جھیل ڈل کے کنار ے پر واقع رائیل سپرینگس گالف کورس کیا ۔اس ٹورنا منٹ میں کئی ریاستوں سے آئے گالف کھلاڑی Tee off میں گالف ٹورنا منٹ کو حصہ لے رہے ہیں۔

من کی بات

وزیر اعظم نریند ر مودی کل اپنے ریڈیو پروگرام من کی بات میں مختلف موضوعات پر اظہا رخیال کریں گے۔ یہ اس پروگرام کا123واں شمارہ ہوگا۔ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے پورے نیٹ ورک پر کل صبح 11بجے نشرکیا جائے گا۔پروگرام کے نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی اس کاعلاقائی زبانوں میں ترجمہ نشر کرے گا ۔

محرم

آج محرم الحرام کی دو تاریخ ہے۔یہ وہ مہینہ ہے جس میں تاریخ اسلام کا عظیم واقعہ ، معرکہ کربلا پیش آیا ۔ اس معرکے میں نواسہ رسولﷺ حضرت امام حسینؑ اور ان کے72رفقاءنے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہوئے دین اسلام کے اقدار کی آبیاری کی ۔ ان شہداءنے شجاعت اور دین کے تئیں اپنی عقیدت کی ایک ایسی مثال قائم کی جس کو رہتی دنیا تک یاد کیاجاتا رہے گا ۔ ماہ محرم کے دوران کربلا کے شہیدوں کو یاد کرکے ان کے تئیں محبت اور عقیدت کا خراج پیش کیاجاتا ہے۔

یاترا

اس بر س کی شری امر ناتھ جی یاترا تین جولائی کو شروع ہو رہی ہے ۔ یاترا کے احسن انعقاد کیلئے جموں کشمیر کی انتظامیہ نے تمام انتظامات کو حتمی شکل دی ہے ۔

جموں زون کے انسپکٹر جنرل آف پولیس بھیم سین توتی نے جموں میں سول سوسائٹی کے ممبران کے ساتھ ایک میٹنگ کرکے یاترا کے انتظامات پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔IGP نے یاتر ا کو کامیاب بنانے کیلئے سماج کے مختلف طبقوں کا مکمل تعاون طلب کیا۔

میٹنگ میں جموں کے ڈویژنل کمشنر کے علاوہ کئی دیگر افسروں نے بھی شرکت کی۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جمونکشمیر کے منتخب شدہ بلاکوں میں vibrant villages پروگرام کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔انہوننے کہاکہ یہ پروگرام دور دراز سرحدی علاقوں میں جدید رابطہ سہولیات کو یقینی بنانے میں اہمیت کا حامل ہے،اور اس پروگرام کی موثر عمل آوری کو یقینی بنایاجانا چاہئے۔

جموں و کشمیر میں43بلاکوں کے 124دیہات کو اس پروگرام کے زمرے میں لایاگیا ہے۔واضح رہے کہ یہ پروگرام مجموعی طور ملک کی 15ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں میں عملایاجا رہا ہے۔

قانون ساز

جموں و کشمیر اسمبلی کے ممبران کی تنخواہوں میں اضافے کے معاملات اور مطالبات کا جائزہ لینے کیلئے قانون سازیہ کی تشکیل دی گئی ہاؤس کمیٹی کی میٹنگ سرینگر مینمنعقد ہوئی جس کی صدارت کمیٹی کے چیرمین سرجیت سنگھ سلاتھیہ نے کی ۔ انہوں نے اس بارے میں کمیٹی کے ممبران کی تجاویز کو زیر غور رکھ کر یقین دلایاکہ اس بار ے میں ضروری کارروائی کی جائے گی۔

کمیٹی ممبران نے سابق ارکان قانون سازیہ کے پنشن سے متعلق معاملات کو بھی جلد از جلد حل کرنے کا مطالبہ کیا۔کمیٹی کے چیرمین نے کہاکہ اس بارے میں اسمبلی کے اگلے اجلاس سے پہلے رپورٹ پیش کی جائے گی۔

کپواڑہ

کپواڑہ کی ڈپٹی کمشنر آیوشی سُدن جو کہ ضلع کی الیکشن افسر بھی ہیں،نے مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران بھارتیہ چناؤ کمیشن کے رہنما خطوط کے مطابق چناؤ مراکز کی ریشنلائزیشن اور چناؤ سے جڑے دیگر امور پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

آیوشی سُدن نے سیاسی لیڈروں کو یقین دلایا کہ اس سلسلے میں حتمی رپورٹ تیا رکرنے میں ان کی تجاویز زیر غور لائی جائیں گی۔

اس دوران ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر کپواڑہ میں ضلع سطح کی عمل آوری کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں مشن یوا کے تحت 24معاملات کو منظوری دی گئی۔

کسان کانگریس

پردیش کانگریس کمیٹی کی ایک اکائی کسان کانگریس کے چیر مین بھارت پرئے کی قیادت میں ایک وفد نے سرینگر کے دورے پر آئے کل ہند کانگریس کمیٹی کے جنرل سیکریٹری ڈاکٹر سید نصیر حسین کے ساتھ ملاقات کی۔

وفد نے جمونکشمیر میں کسانوں کو در پیش مسائل کے بارے میں ڈاکٹر سید نصیر حسین کو آگاہ کیا۔انہوں نے وفد کو یقین دلایا کہ ان کے جائز مطالبات پورا کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

پولیس

پولیس نے ڈرگ سمگلنگ کے خلا ف اپنی کارروائیوں کو جاری رکھتے ہوئے بوٹ کالونی کھنہ ایکٹ کے تحت NDPS بل اننت ناگ کے بدنام زمانہ منشیات فروش پرویز احمد فشو کی جائیداد کو قرق کیا ہے۔

اس دوران پولیس نے سوپور میں ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث تین افراد کو پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت گرفتار کیا ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

صحت و طبی تعلیم محکمے کے سیکریٹری ڈاکٹر سید عابد رشید شاہ نے کل پہلگام کا دورہ کرکے وہاں سالانہ شری امر ناتھ جی یاتر اکیلئے کئے جا رہے طبی انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے ننون بنیادی کیمپ، سب ڈسٹرکٹ اسپتال پہلگام اور چندن واڑی میں سو بستروں پر مشتمل اسپتال میں دستیاب سہولیات کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ انہوں نے متعلقہ افسرونکو ہدایت دی کہ وہ یاتریوں کیلئے جدید طرز کی طبی سہولیات دستیاب رکھنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہ کریں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

❋❋❋❋❋❋❋❋❋❋

❋❋❋❋❋❋

❋❋❋❋

❋❋❋

❋❋

❋